**نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب**

**21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور**

**Ph.042-99200731, 99200729,** E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

# پریس ریلیز

## محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی بہتر پیداوار کیلئے سفارشات جاری کر دیں

**لاہور28اپریل2025:** ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے کاشتکار کاشت میں جلدی کریں۔ کپاس کی کاشت کا دوسرا مرحلہ 30 اپریل کو ختم ہو رہا ہے۔ کپاس کے کاشتکار بی ٹی اقسام کے ساتھ کم از کم 10 فیصد رقبہ نان بی ٹی اقسام کا بھی کاشت کریں تا کہ حملہ آور سنڈیوں میں بی ٹی اقسام کے خلاف قوتِ مدافعت پیدا نہ ہو سکے۔ کپاس کی کاشت ترجیحاً پٹڑیوں پر کریں جس کے لیے مشینی طریقہ اختیار کریں یا پٹڑیاں بنانے کے بعد ہاتھ سے چوپے لگائیں۔ اگر کاشت ڈرل سے کرنی ہو تو قطاروں کا درمیانی فاصلہ اڑھائی فٹ رکھیں اور جب فصل کا قد ڈیڑھ سے دو فٹ ہو جائے تو پودوں کی ایک لائن چھوڑ کر دوسری لائن پر مٹی چڑھا کر پٹڑیاں بنا دیں۔ پٹڑیوں پر کاشتہ فصل میں جڑی بوٹیوں کا انسداد آسان، کھادوں کا استعمال بہتر، پانی کی بچت اور بارشوں کے نقصان سے بچت ہوتی ہے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کپاس کے کاشتکار کھادوں کا استعمال زمین کے تجزیہ کی بنیاد پر کریں تاہم فاسفورسی اور پوٹاش والی کھادوں کی تمام مقدار اور نائٹروجن کھاد کا 1/4 حصہ بوقت تیاری زمین میں ڈالیں۔ اگر کھاد زمین کی تیاری کے اقت نہ ڈالی گئی ہو تو چھدرائی کے بعد استعمال کریں۔ چھدرائی کے بعد استعمال کے لیے نائٹروفاس زیادہ بہتر ہے اور کھاد کو پانی میں حل کر کے آبپاشی کے ساتھ استعمال کریں۔ اگیتی کاشت کی صورت میں بقیہ نائٹروجنی کھاد 4 سے 5 اور موسمی کاشت کی صورت میں 3 سے 4 اقساط میں ڈالیں۔

☆☆☆☆